اقوال زرّیں

- موت سے زیادہ خوفناک شئے، موت کا ڈر ہے۔
- غصہ ایسا طوفان ہے، جو دماغ کا چراغ بجھا دیتا ہے۔
- خدا ہر طائر کو رزق دیتا ہے، مگر اس کے گھونسلے میں نہیں ڈالتا۔
- جس کا تو یہ عمل کے مطابق ہو، وہ تو یہ قبول ہو جاتی ہے۔
- آرزو نصف زندگی ہے اور بے بسی موت۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI

عام انتخابات: ایک مرحلہ اور رہ گیا!

19 اپریل

2024 سے پارلیامانی انتخابات کی ابتدا ہوئی تھی۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اس بار 7 مرحلوں میں انتخاب کرانے کا اعلان کیا تھا۔ آج چھٹے مرحلے کے انتخابات ہو گئے یعنی اب تک تقریباً 90 فیصد سیٹوں پر انتخابات ہو گئے ہیں۔ ساتویں مرحلے کے انتخابات یکم جون کو ہوں گے۔ اس کے بعد انتظار 4 جون کا رہے گا۔ اسی دن انتخابی نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔ تجزیہ کار اپنے اپنے طور پر یہ سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اس بار کون سی پارٹی کتنی سیٹیں جیتے گی لیکن خاموش ووٹرس کی وجہ سے تجزیوں کے برعکس بھی نتائج آتے ہیں اور پھر اس نئے تجزیے کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے کہ انتخابات میں اصل اہمیت کن ایشوز کو دی گئی۔ اس بار بھی پارلیامانی انتخابات کے نتائج آنے کے بعد ہی یہ سمجھنا آسان ہوگا کہ عوام نے کن ایشوز کو زیادہ اہمیت دی ہے۔ یہ شک اس بات کے لیے الیکشن کمیشن آف انڈیا کی تعریف کرنی ہوگی کہ وہ اب تک کے انتخابات پرامن ماحول میں کرانے میں کامیاب رہا ہے لیکن یہ کہنا پڑے گا کہ یہ انتخابی دور سابق چیف الیکشن کمشنر آف انڈیا، ٹی این سیشن کے انتخابی دور سے مختلف ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کو حتمی ووٹ فیصد کا اعلان کرنے میں کیا دشواری پیش آئی، یہ تو معلوم نہیں، البتہ اتنی بات طے ہی ہے کہ اس نے ووٹ فیصد کا اعلان آرام سے نہیں کیا ہوگا۔ اس بات پر توجہ دی جانی چاہیے کہ انتخابات کے لیے مشین کا استعمال کرنے کے باوجود حتمی ووٹ فیصد کے اعلان میں امید سے زیادہ وقت کیوں لگا۔ بہتر یہی ہوگا کہ آئندہ حتمی ووٹ فیصد کا اعلان کرنے کے لیے ایک وقت متعین کیا جائے۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ کئی لیڈران انتخابی تشہیر میں مسلمانوں کا ذکر کرنے کی شدت سے کرتے ہیں۔ ایسا چاہے وہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کرتے ہوں لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ وہ مسلمانوں کی اہمیت سے واقف ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ مسلمانوں کا ذکر کیے بغیر انہیں بڑی جیت نہیں مل سکتی۔ مسلمانوں پر دیے جانے والے بیانات الیکشن کمیشن آف انڈیا غالباً سننے سے قاصر رہا ہے، کیونکہ اس نے اگر سنا ہے تو یہ سوال فطری طور پر پیدا ہوتا ہے کہ اس نے ایسی کارروائی کیوں نہیں کی جس سے یہ پتہ چلتا، لیڈروں کو بھی پتہ لگ جاتا کہ حق نہیں ہے، ضابطۂ اخلاق کا خیال کرتے ہوئے ہی انہیں بولنا چاہیے۔ مسلمانوں کی بدقسمتی یہ ہے کہ ایک طرف انہیں نشانہ بنایا جاتا ہے تو دوسری طرف جولیڈران خود کو ان کا ہمدرد ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ان کی ہمدردی فہم سے بالاتر ہے۔ آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ مسلمانوں سے تو وہ ہمدردی رکھتے ہیں مگر انہیں نمائندگی دینے کے لیے تیار نہیں؟ 2019 میں بڑی پارٹیوں نے 115 مسلمانوں کو امیدوار بنایا تھا جبکہ اس بار یہ تعداد گھٹ کر 78 رہ گئی۔ اس میں سے کتنے مسلم امیدوار جیتیں گے، یہ کہنا مشکل ہے۔ حالات کو دیکھ کر یہی لگتا ہے کہ مسلمانوں کی ہمدردی کا دم بھرنے والی پارٹیوں کی دلچسپی مسلمانوں کے ووٹ سے تو ہے، انہیں امیدوار بنانے سے نہیں۔ کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ انصاف کی باتیں تو کرتی ہیں مگر انصاف دیتے وقت اپنے مفاد کا خیال پہلے کرتی ہیں؟

خواتین کو حق دینے کی باتیں بیشتر پارٹیاں کرتی ہیں لیکن انہیں جائز حق کیسے ملے گا جب آبادی کی مناسبت سے نمائندگی بھی نہیں مل پاتی؟ رپورٹ کے مطابق، اس بار مجموعی امیدواروں میں 10 فیصد ہی خواتین امیدوار ہیں۔ جمہوریت کی مکمل کامیابی کے لیے جو باتیں اہم سمجھی جاتی ہیں، ان میں یہ بات شامل ہے کہ پارلیمنٹ میں اچھی شبیہ کے باکردار، سماج کو سوالحہ کے لے چلنے والے لوگ جائیں۔ اسی لیے اس بات کی کوشش ہوتی رہی ہے کہ مثبتی شبیہ کے لوگوں کو پارلیمنٹ جانے سے روکا جائے، مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اس بار 20 فیصد امیدواروں نے یہ بتایا ہے کہ ان کے خلاف مجرمانہ معاملے ہیں جبکہ 14 فیصد امیدواروں نے بتایا ہے کہ ان کے خلاف سنگین مجرمانہ معاملے ہیں۔ اس بار کے پارلیمانی انتخابات میں 31 فیصد امیدوار کروڑپتی ہیں یعنی بھی غریب سیاست میں قسمت آزمانے کے بارے میں نہیں سوچ سکتے سمجھے بھی سیاست میں ان کے جانے کا مقصد سماج کی خدمت کرنا ہی کیوں نہ ہو، البتہ خوش آئند بات یہ ہے کہ اس بار نصف سے زیادہ امیدوار یعنی 51 فیصد امیدوار گریجویٹ ہیں یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ عوام کس طرح کے امیدواروں کو جتاتے ہیں، کیونکہ جیت ہار سے بھی پیغام ملتا ہے اور اسی مناسبت سے پارٹیاں امیدواروں کا انتخاب کرتی ہیں۔

edit2sahara@gmail.com

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ

پروفیسر اختر الواسع

آج کل ہندوستان میں جمہوریت کا جشن بہار ہے یعنی پارلیمنٹ کے الیکشن کے چھ دور گزر چکے ہیں اور ایک گزرنا باقی ہے۔ شروع میں تو سب خیر سے گزرا لیکن دوسرے انتخابی دور میں کچھ ایسا لگنے لگا کہ حکمراں جماعت کے یہاں سب خیریت نہیں ہے اور وہ اپنی پارلیمانی اکثریت کھو بیٹھنے کے ڈر سے پاپہ نہیں کس وجہ سے بوکھلاہٹ کی شکار ہے اور اس نے مسلمانوں کو نشانہ بنا لیا ہے۔ وزیر اعظم، مرکزی وزیر داخلہ، اتر پردیش اور آسام کے وزرائے اعلیٰ نے خاص طور پر مسلمانوں کو نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ سب سے زیادہ تعجب تو وزیر اعظم کے رویے پر ہوا جب انہوں نے بانسواڑا (راجستھان) کے ایک انتخابی جلسے میں مسلمانوں کو خصوصی نشانہ بنایا اور سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کی ایک تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے اس ملک کی غالب ترین ہندو اکثریت کو یہ خوف دلانے کی کوشش کی کہ اگر اپوزیشن اتحاد انڈیا اقتدار میں آ گیا تو یہ تمام مراعات اور تحفظات زیادہ بچے پیدا کرنے والوں اور گھس پیٹھیوں کو بانٹ دیں گے۔ انہوں نے اس سے پہلے یہ بھی کہا تھا کہ فسادیوں کو ان کے لباس سے پہچانا چاہیے۔ ظاہری بات ہے کہ ان کا یہ طرز تخاطب کوئی نیا انہیں تھا بلکہ اگر لوگوں کو یاد ہو تو اس سے پہلے وہ ہم پانچ اور ہمارے پچیس کا نعرہ گجرات اسمبلی الیکشن میں بھی لگا چکے تھے۔ اس وقت میاں مشرف کا نام ان کی زبان پر تھا، اب پاکستان کو بیچ میں لا کر وہ مسلمانوں کو موردِ الزام قرار دینا چاہتے ہیں لیکن وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ بیچے زیادہ مسلمان ہی پیدا نہیں کرتے ہیں بلکہ وہ خود بھی، ان کے وزیر داخلہ بھی کئی طعنہ مسلمانوں کو دیتے ہیں۔ ہم مسلمان ہندوستان کے شہری ہونے پر فخر کرتے ہیں اور یہ بات بہ بانگ دہل کہنا چاہتے ہیں کہ ہم اس ملک کے شہری صرف پیدائش سے ہی نہیں ہیں بلکہ اپنی رضا سے بھی ہیں۔

اسی طرح جہاں تک مراعات اور تحفظات کا سوال ہے، ہم خود بھی مذہب کے نام پر انہیں قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ یہ تو آپ خود ہیں جو کہ مذہب کے نام پر ان کو آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔ یہ مذہب کے نام پر ریزرویشن نہیں تو اور کیا ہے کہ اگر کوئی شخص شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب ہندو ہے تو وہ ریزرویشن کا حق دار ہے لیکن اگر وہ شعوری اور دانستہ طور پر اسلام یا عیسائی مت قبول کر لے تو پھر وہ ان تحفظات اور مراعات سے محروم ہو جاتا ہے جب کہ درحقیقت اس نے اپنا مذہب بدلا ہوتا ہے، ذات نہیں۔ ہم ہندوستانی شہری کی حیثیت سے اس کھیل کو خوب سمجھتے ہیں کہ گجرات میں راجپوت اور راجستھان میں پٹیل کس طرح پسماندہ زمرے میں ریزرویشن کے مستحق قرار دیے گئے ہیں۔ ہم صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ ہم اس ملک کے باقاعدہ اور باضابطہ شہری ہیں اور اس حیثیت سے اس ملک پر برابر کا حق رکھتے ہیں، محض کرائے دار نہیں ہیں۔ ہم کیا بات اور واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم اس ملک میں کرکٹ کے بارہویں کھلاڑی کے طور پر نہیں رہنا چاہتے جیسا کہ ہم سب کو بخوبی پتہ ہے کہ کرکٹ کا بارہواں کھلاڑی نیم کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ہمیشہ کھیل سے باہر ہی رہتا ہے اور ڈریسنگ روم میں اس منفی سوچ کے ساتھ بیٹھا رہتا ہے کہ گیارہ کھلاڑیوں میں سے کوئی ایک کھلاڑی زخمی ہو کر واپس آجائے اور اسے اپنے جوہر دکھانے کا موقع ملے اور اپنی ٹیم کو کامیابی سے ہم کنار کرے۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ کانگریس ہو یا انڈیا اتحاد کی دوسری پارٹیاں، انہوں نے مسلمانوں کو ہمیشہ ووٹ بینک سمجھا اور کچھ نہیں دیا۔ ہم وزیر اعظم کی اس بات سے بڑی حد تک اتفاق رکھتے ہیں لیکن انہیں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ انڈیا اتحاد میں شامل جن پارٹیوں نے ایسا کیا ہے، وہ آج اقتدار سے بے دخل ہیں اور اپنے کیے کی سزا بھگت رہی ہیں، وزیر اعظم کو تو کم سے کم اس غلطی کو نہیں دہرانا چاہیے۔ ہندوؤں کو ووٹ بینک بنا کر اور صرف جملوں کی سیاست کر کے بے وقوف نہیں بنانا چاہیے ورنہ ان کا اور ان کی جماعت کا حال بھی عوام ہی طے کرنے پر مجبور ہوں گے جیسا کہ دیگر سیاسی جماعتوں کا ہندوستانی عوام نے کیا ہے۔

وزیر اعظم نے ادھر اپنے روپے میں بلاشبہ تھوڑی سی تبدیلی بھی کی ہے، گنگا میا کے کنارے ہو یا علی گڑھ یا بہار، انہوں نے کہا ہے کہ وہ ذات وار یت کی سیاست بھی نہیں کرتے ہیں، ان کا بچپن ہمیشہ مفاہمت اور بھائی چارے پر مبنی رہا ہے۔ عید، بقرعید پر ان کے یہاں کھانا نہیں بنتا تھا کیونکہ وہ مسلمانوں کے گھروں سے آتا تھا، ان کے دوست احباب مسلمان رہے ہیں، بود و باش سماج کے مسلمانوں سے ان کا خاص تعلق رہا ہے، لیکن پھر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ان کی پارلیمنٹری ٹیم میں، ان کی کابینہ میں کسی مسلمان کی گنجائش کیوں نہیں نکلتی ہے؟ جمعیۃ علمائے ہند مفتی عباس نقوی اور امام بے آبکر کے بعد ان کی وزارتی کونسل میں کسی مسلمان کو کوئی جگہ کیوں نہیں ملی؟ وہ خود تو سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس کی باتیں کرتے ہیں لیکن ان کے وزیر داخلہ اور دوسرے پارٹی رفقا کیوں نہیں اس کی تائید کرتے ہیں؟ پھر کیوں لو جہاد، زمین جہاد، یوپی ایس سی جہاد اور ووٹ جہاد کی باتیں کی جاتی ہیں؟

ہم بھارت کے وشوگرو ہونے، وِکسِت بھارت بننے کی بھرپور تائید کرتے ہیں لیکن یہ بھی کہنا ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ممکن نہیں جب تک کہ ہم سب مل کر نئے بھارت کی تعمیر کو ممکن نہ بنائیں۔ فرقہ واریت، فسطائیت، مسلمانوں، عیسائیوں اور دلتوں سے نفرت کو ختم نہیں کریں گے۔ ہم وزیر اعظم اور ان کے رفقا کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہم بھی بیدار رہیں گے، ہم آہنگی اور خیر سگالی کے ساتھ اپنے وطن عزیز ہندوستان کو جنت نشان بنانا چاہتے ہیں لیکن یہ یاد رکھیے کہ یہ اس وقت تک ممکن نہیں ہوگا جب تک سب مل کر ایک نہیں ہو جاتے ہیں اور اردو شاعر غالب کی زبان میں اس کے ثنا خواں نہیں بن جاتے کہ:

ہے رنگ لالہ و گل و نسریں جدا جدا
ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے

(مضمون نگار جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر ایمریٹس اسلامک اسٹڈیز ہیں)

wasey27@gmail.com

روس – امریکہ – برطانیہ
ایک دوسرے کے اثاثوں کو ضبط کرنے کا سلسلہ جاری

محمد عباس دھالیوال

گزشتہ

دنوں پوتن کو ایک بار پھر سے مسلسل پانچ سال کی مدت کے لیے روس کا صدر منتخب کیا گیا۔ اس سلسلے میں امریکہ کے سابق معاون وزیر خزانہ پال کریگ رابرٹس نے کہا کہ روس کے صدر ولادیمیر پوتن کی اگلی مدت کے دوران امریکہ اور روس کے تعلقات کا کوئی امکان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس امریکہ کا دشمن ہے، دہائیوں کی سرد جنگ سے امریکیوں کو یہ تجربہ حاصل ہوا تھا کہ روس خطرہ ہے اور امریکہ۔ روس کے تعلقات کے لیے کوئی امید نہیں ہے۔

رابرٹس نے کہا کہ واشنگٹن۔ ماسکو تعلقات کے معمول پر آنے کی کوئی امید نہ ہونے کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ مشرق وسطیٰ میں امریکی خارجہ پالیسی اسرائیل لابی کے زیر کنٹرول ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں اسرائیل کے مفادات روس کے مفادات سے بالکل مختلف ہیں۔ اسرائیل کا مفاد ایران کی تباہی ہے جو کہ آئی اے کے جہازیوں کے لیے روسی فیڈریشن اور سوویت یونین کے سابق وسطی ایشیائی صوبوں میں داخلے کا راستہ کھولے گا، جس سے ایک یوکرین کے بجائے کئی ہوں گے۔

ادھر گزشتہ دنوں فروری میں روس یوکرین جنگ کے دو سال ہونے پر نیٹو کے مطابق امریکی محکمہ خزانہ کے ڈپٹی سکریٹری ویلی ایڈیمو نے کو رکنے کو تیار تھا کہ امریکہ یوکرین پر روسی حملے کی دوسری برسی کے موقع پر 500 سے زیادہ اہداف پر پابندیاں عائد کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ یہ اقدام دوسرے ممالک کے ساتھ شراکت داری میں اٹھایے جا رہے ہیں۔ انتباہی نہیں بلکہ روسی ملٹری انڈسٹری کمپلیکس کے ساتھ ساتھ سے بھی باز نہیں آ رہی ہیں۔ ایسے وقت میں سیکولر اور جمہوریت پسند عوام کی ذمہ داری میں اضافہ ہو جاتا ہے کہ وہ ایک ایسی حکومت کی تشکیل کریں جو سب کو ساتھ لے کر چلے میں یقین رکھتی ہو، جس کے لیے ہندوستان کی ترقی سرفہرست ہو۔ چھ مراحل کے امیدواروں کا فیصلہ عوام کر چکے ہیں جو اوای ایم میں بند ہے، ساتواں مرحلہ باقی رہ گیا ہے۔ اس ساتویں مرحلہ میں جہاں ووٹنگ ہونی ہے وہاں کے عوام سے گزارش ہے کہ ووٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ووٹ ضرور دیں اور انتہائی سوچ سمجھ کر کشادہ ذہن کے ساتھ ووٹ دیں۔ ہمارا ایک ووٹ کسی امیدوار کی جیت اور ہار کا باعث ہوسکتا ہے۔ ہر ایک ووٹ قیمتی ہے۔

شیراز
پہاڑی بھوجلہ، دہلی-6

ہر ایک ووٹ قیمتی ہے

مکرمی!

اٹھارہویں لوک سبھا انتخابات کے چھ مراحل کی ووٹنگ مکمل ہوگئی ہے جبکہ ساتویں مرحلہ کی ووٹنگ یکم جون کو ہوگی اور اس کے بعد نتائج کا اعلان کر دیا جائے گا کہ کس پارٹی یا اتحاد کے سر جیت کا سہرا بندھایا پھر کس پارٹی یا اتحاد کو شکست کھانی پڑی۔ گزشتہ پانچ برسوں سے ملک میں جس طرح کا ماحول ہے، وہ جمہوریت پسند عوام کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے۔ ہندوستان کی شناخت گنگا جمنی تہذیب جس کے باعث فخر ہے، انہیں یہ بات اندر ہی اندر کھائے جا رہی ہے کہ پارٹیاں اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب، بھائی چارہ اور ہم آہنگی کے ساتھ کھلواڑ کرنے دیں جو اس کے حق میں استعمال ہونہ ہو، بلکہ فرقہ پرستوں کی فتح کا سبب بن جائے۔

آئین کی حفاظت، ملک کی سالمیت اور ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب کے لیے ووٹ دیجیے۔ ہمارا ایک ووٹ نہ صرف کسی امیدوار کی ہار جیت کا باعث ہوگا بلکہ ایک ووٹ ہماری تقدیر بدل سکتا ہے۔

محمد نازش
اوکھلا، نئی دہلی-25

ایک ووٹ تقدیر بدل سکتا ہے

مکرمی!

اٹھارہویں لوک سبھا الیکشن کی معتوں میں یادگار ہوگا۔ یہ وقت بہت سوچ سمجھ کر فیصلہ لینے کا ہے۔ اپنا ووٹ کسی ایسے امیدوار کو نہ دیں جو اس ملک کی سالمیت اور ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب کے لیے ووٹ دیجیے۔ ہمارا ایک ووٹ نہ صرف کسی امیدوار کی ہار جیت کا باعث ہوگا بلکہ ایک ووٹ ہماری تقدیر بدل سکتا ہے۔

محمد نازش
اوکھلا، نئی دہلی-25



مراسلہ نگار کی رائے سے مدیر کا متفق ہونا ضروری نہیں

سڑک کی مرمت کا مطالبہ

مکرمی!

ایک سال قبل بازار گھاٹ چورا ہا تا نیلوفر کینسر ہاسپٹل جانے والی سڑک کی کھدائی کر کے نئے ڈرینج کی بڑی پائپ لائن بچھوائی گئی تھی، تاکہ اس سڑک کا ڈرینج نظام بہتر ہو سکے۔ ڈرینج پائپ لائن کے کام کو مکمل ہوئے ایک سال کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن ابھی تک سڑک کی مرمت کا کام ادھورا ہے، جس کی وجہ سے اس سڑک کے ٹریفک کی آمد و رفت میں خلل پیدا ہو رہا ہے اور روزانہ حادثات پیش آرہے ہیں۔ سڑک کی مرمت نہ ہونے کی وجہ سے جہاں صارفین کو تکلیفوں کا سامنا ہے، وہیں تاجر حضرات بھی خسارہ کا سامنا کر رہے ہیں۔ لہٰذا بلدیہ کشمرہ سے درخواست ہے کہ وہ اس جانب توجہ دیتے ہوئے فوری سڑک کی مرمت کا حکم جاری کریں، تاکہ لوگوں کو راحت ملے۔

سید شمس الدین مغربی- حیدرآباد

نوٹ: ادارتی صفحے پر شائع مضامین میں مضمون نگاروں کے رائے ظاہر کی گئی آرا ان کی ذاتی ہیں اور ادارہ ان کیلئے کسی طرح سے ذمہ دار نہیں ہے۔

حرف حق

حرف حق

ہم بھارت کے وِشوگرو ہونے، وِکسِت بھارت ہونے کی بھرپور تائید کرتے ہیں لیکن یہ سب کچھ تب تک ممکن نہیں جب تک کہ ہم سب مل کر نئے بھارت کی تعمیر کو ممکن نہیں بنائیں گے۔ فرقہ واریت، فسطائیت، مسلمانوں، عیسائیوں اور دلتوں سے نفرت کو ختم نہیں کریں گے۔

تجزیہ

اثاثوں کے آپریشن کے نتیجے میں تقریباً 700 ملین ڈالر کے اثاثوں کو ضبط کیا گیا۔

مذکورہ پابندیوں کے ضمن میں امریکی صدر بائیڈن نے اپریل میں روس کے امریکہ میں موجود 3 ارب ڈالر کے اثاثے ضبط کرنے کی اجازت دیتے ہوئے عمل درآمد شروع کر دیا تھا۔ اہم امریکہ کی طرف پر برطانیہ نے بھی یوکرین پر روسی حملے کی دوسری برسی سے دو روز قبل جمعرات کو روس پر 50 سے زائد نئی پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا۔ اس سلسلے میں برطانوی دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ نئی برطانوی پابندیوں کا ہدف گولہ بارود بنانے والی کمپنیاں، الیکٹرانکس کمپنیوں، ہیروں اور تیل کے تاجروں اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کے مقبوضات کے ذخیرے کو ”کم“ کرنا ہے۔

برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ کیمرون کا کہنا تھا کہ ”ہمارے بین الاقوامی اقتصادی دباؤ کا مطلب ہے کہ روس اس غیر قانونی حملے کا مکمل تحمل نہیں ہو سکے۔ ہماری پابندیاں پوتن کو ان وسائل سے محروم کر رہی ہیں جن کی انہیں اپنی ناکام جنگ کی مالی امداد کے لیے اشد ضرورت ہے۔“ انہوں نے مزید کہا تھا کہ ”ہم ایک ساتھی کو ظلم کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالیں گے۔ ہم جب تک ضروری ہو، جمہوریت کے لیے یوکرین کی جدوجہد میں حمایت جاری رکھیں گے۔“

امریکہ و برطانیہ کی ضبطی اثاثوں کی کارروائی کے بعد اب باری روس کی تھی، چنانچہ اس سلسلے میں گزشتہ روز روس نے بھی امریکی اثاثوں کو قرق کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اس سلسلے میں روس میں امریکی اثاثوں کی قرقی کا قانون ظاہرا امریکی قانون کا ردعمل ہی مانا جا رہا ہے۔ مذکورہ پابندیوں کے ضمن میں روس کے قانون میں کہا گیا ہے کہ جن کمپنیوں اور افراد کے امریکہ میں اثاثے ضبط ہوں گے، ان کی خلاف روس میں امریکیوں کے اثاثوں سے کی جائے گی۔

> امریکہ و برطانیہ کی ضبطی اثاثوں کی کارروائی کے بعد اب روس نے بھی امریکی اثاثوں کو قرق کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اس سلسلے میں روس میں امریکی اثاثوں کی قرقی کا قانون بظاہر امریکی قانون کا ردعمل ہی مانا جا رہا ہے۔

اطلاعات کے مطابق روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے ایک حکم نامے پر دستخط کیے ہیں، جس میں روسی حکام کو امریکی کمپنیوں اور افراد کے اثاثوں کو ضبط کرنے کی اجازت دی گئی ہے، جس کا مقصد امریکہ میں ضبط کیے جانے والے روسی اثاثوں کی تلافی کے لیے وسائل مہیا کرنا ہے۔ یہ حکم نامہ بصورت او روسی حکومت کی قانون سے متعلق سرکاری ویب سائٹ پر شائع ہوا ہے۔

یہاں پر امر قابل ذکر ہے کہ روس کا مذکورہ حکم نامہ ایک ایسے موقع پر جاری کیا گیا ہے جب دنیا کے سات اہم صنعتی ممالک کے اعلیٰ مالیاتی حکام کا اجلاس شروع ہوا ہے، جس کے ایجنڈے میں سرفہرست یہ سوال موجود ہے کہ مغربی دنیا میں روس کے منجمد کیے گئے اثاثوں سے کس طرح نمٹا جائے۔ 24 فروری 2022 کو یوکرین پر روس کی فوج کشی کے بعد یوکرین اور اس کے بہت سے حامیوں نے مطالبہ کیا تھا کہ روس کے بیرون ملک میں منجمد کیے گئے اثاثوں میں سے 260 ارب ڈالر ضبط کر لیے جائیں، تاہم اس وقت یورپی ملکوں کے عہدے داروں نے قانونی تقاضوں اور مالیاتی استحکام سے منسلک خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے ایسا کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ تاہم امریکی صدر جو بائیڈن نے اپریل میں یوکرین کی اقتصادی خوشحالی اور نئے مواقعوں کی فراہمی کے ایک قانون پر دستخط کیے تھے جس کے ذریعہ انتظامیہ کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ وہ امریکہ میں موجود روسی مملکت کے تقریباً 5 ارب ڈالر کے اثاثوں کو ضبط کر لے۔ اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ امریکہ، گروپ آف سیون ممالک اور یورپی یونین کے دیگر ارکان کے ساتھ کوئی معاہدہ کیے بغیر روسی اثاثوں کو ضبط کر لے گا۔

دوسری جانب پوتن نے حکم نامے پر دستخط کیے ہیں، اس میں کہا گیا ہے کہ مرکزی بینک اور حن کمپنیوں اور افراد کے امریکہ میں اثاثے ضبط ہوئے ہیں، ان کے خلاف قانونی قرارداد ہے۔

اس ضمن میں کہا یہ بھی جا رہا ہے کہ اگر عدالت ان کی درخواست قبول کرتی ہے تو ایک سرکاری کمیشن ضبط شدہ اثاثوں کے معاوضے میں روس میں موجود امریکی شہریوں یا روس میں ان کی ملکیتی کمپنیوں، سیکورٹیز اور روسی کمپنیوں میں ان کے حصے دینے کی پیشکش کر سکتا ہے۔

abbasdhaliwal72@gmail.com

سہارا اڈیٹوریل کمپنی لمیٹڈ کیلئے پرنٹر و پبلشر **ضیاء قادری** نے ایم این ایس پرائیویٹ لمیٹڈ پریس 345/4 ہجر اہلی، الہ آباد روڈ سے چھپوا کر **دفتر روزنامہ راشٹریہ سہارا** ڈی-5، ہجر ٹاور، جیوتی کمپلیکس، اپوزٹ ماروتی سوزوکی شوروم، 1/134 انفنٹری روڈ بنگلورو-560001 سے شائع کیا۔

Published & Printed by **Zia Qadri** on behalf of Sahara India Mass Communication and Printed at **M.N.S. Printers Pvt. Ltd.** No.345/4, Bhattarahalli, Old Madras Road, K.R.Puram, Bengaluru-560049, Karnataka and Published from Office **Roznama Rashtriya Sahara** D-5, 3rd Floor, Jyothi Complex, Opp. Maruti Suzuki Showroom, 134/1, Infantry Road, Bengaluru-560001

ایڈیٹر اینڈ گروپ ایڈیٹر: عبدالماجد نظامی ■ **ریزیڈنٹ ایڈیٹر: نعمت اللہ حمیدی** * Editor & Group Editor: **Abdul Majid Nizami** (editor.nizami@gmail.com) Resident Editor: **Nematullah Hameedi** (mnhameedi@gmail.com) *

For News Blr: **saharaurdubangalore@gmail.com** ■ **Advertisement. Bengaluru: 080-25594449 (National):** ■ 0-9891773434, 9899452476 **Email:** adsahara@gmail.com

ٹیلی فون نمبر بنگلورو آفس: **080-25594449** ، سرکولیشن: **9448051975** ، www.roznamasahara.com

R.N.I. No.KARURD/2007/22871 **Roznama Rashtriya Sahara** (Bengaluru) Regd.: KA/BGGPO/2555/09-11 ——— سال: 16 شمارہ نمبر: 5846

* اس شمارہ میں شامل شائع شدہ تمام خبروں کے انتخاب اور ایڈیٹنگ کیلئے ذمہ دار

ہمیں فخر ہے کہ ہم ہندوستانی ہیں